# جعلی حدیث

<"xml encoding="UTF-8?>




حدیث موضوع یا جعلی حدیث اس روایت کو کہا جاتا ہے جسکی پیغمبر اکرمؐ اور امام معصومؑ کی طرف جھوٹی نسبت دی گئی ہو۔ حدیث موضوع کو حدیث مجعول یا جعلی حدیث بھی کہا جاتا ہے۔ فقہا کے مطابق جعلی احادیث کا نقل کرنا اس شخص پر حرام ہے جسے جعلی ہونے کا علم ہے؛ مگر یہ کہ جعلی ہونے کے مصداق کو بیان کرنے کی خاطر ذکر کرے۔ حدیث موضوع، ضعیف احادیث کی اقسام میں سے ایک ہے؛ اس فرق کے ساتھ کہ حدیث موضوع کے علاوہ دیگر ضعیف احادیث کا نقل کرنا منع نہیں ہے۔ درایت کی کتابوں میں جعلی احادیث کی شناخت کے کچھ طریقے بیان ہوئی ہیں ان میں سے ایک حدیث کا مفہوم عقل، قرآن، سنت اور ضروریات مذہب کے مخالف ہونا ہے۔

بعض علماء نے جعلی احادیث کی جمع آوری کی غرض سے کتابیں لکھی ہیں۔ سید عبدالحسین شرف الدین کی کتاب ابوہریرہ، سید علی حسینی میلانی کی کتاب احادیث ساختگی (جعلی احادیث) اور شیخ محمد تقی شوشتری کی کتاب الاخبار الدخیلۃ شیعوں کی اس بارے میں لکھی گئی کتابوں میں سے ہیں۔

مفہوم‌شناسی

حدیث موضوع وہ روایت ہے جو جعلی احادیث گھڑنے والوں کی طرف سے بنائی گئی ہیں اور پیغمبر اکرمؐ اور ائمہ معصومینؑ کی طرف جھوٹی نسبت دی گئی ہے۔ ان احادیث کو موضوع حدیث، یا مجعول حدیث یا جعلی حدیث کہا جاتا ہے۔[1] جعلی احادیث کو مختلف طریقوں سے جعل کیا جاتا تھا۔ جیسے پوری حدیث کا جعل کرنا، یا حدیث میں کچھ الفاظ اضافہ کرنا، کچھ الفاظ کم کرنا یا لفظ میں کوئی تحریف یا تبدیلی لے آنا[2]

جعلی احادیث کی کچھ مثالیں

پانچویں صدی ہجری میں لکھی گئی تاریخ بغداد نامی کتاب میں پیغمبر اکرمؐ سے منقول ہے کہ إذا رَأیتُمْ مُعاوِیةَ یخْطُبُ عَلَی مِنْبَرِی فاقبَلِوه، فانّه امینٌ مأمونٌ»؛ جب کبھی معاویہ کو میرے منبر پر تقریر کرتے ہوئے دیکھا تو اس کی بات مان لو کیونکہ وہ امین اور قابل اطمینان ہے۔[3] شیعہ رجالی عالم محمدتقی شوشتری کا کہنا ہے کہ یہ حدیث اصل میں إذا رَأَیتُمْ مُعاوِیةَ یخْطُبُ عَلَی مِنبَرِی فاقْتُلُوه؛ جب معاویہ کو میرے منبر پر تقریر کرتے دیکھو تو اسے قتل کرو،[4] تھی جس میں «فاقْتُلوه» (اسے قتل کردو) کو «فاقْبَلُوه» (اس کی تائید کرو) سے تبدیل کیا ہے اور پھر «فإنّه امینٌ مأمونٌ»، کی عبارت بڑھا کر روایت میں تبدیلی نہیں آنے کے لئے شاہد لایا ہے۔[5]

موضوع احادیث کی نشانیاں

علمائے رجال نے جعلی احادیث کو صحیح احادیث سے پہچاننے کی کچھ نشانیاں بیان کی ہیں؛ جن میں، حدیث گھڑنے والے کا حدیث جعلی ہونے پر اعتراف، جعلی ہونے پر ایسا قرینہ ہو جو جعلی ہونے پر دلالت کرے، جیسے حدیث کے الفاظ سست اور عام ہونا،[6] اور حدیث کا ضروریات مذہب[7] کے مخالف ہونا ہے۔

اسی طرح حدیث عقل، قرآن اور سنت کا اس طرح سے مخالف ہونا کہ جسکی تاویل نہ کی جاسکے اور ان کے ساتھ جمع بھی نہیں کیا جاسکے، اسی طرف کسی اہم موضوع کے بارے میں موجود روایت کا صرف ایک ہی راوی ہونا، جیسے انبیاءؑ سے ارث نہ ملنے والی روایت جس کا صرف ابوبکر راوی ہے، اسی طرح بعض اعمال کے ثواب یا عقاب کے بیان میں زیادہ روی کرنا، حدیث جعلی ہونے کی نشانیوں میں سے ہیں۔[8]عبداللہ مامقانی کا مقباس الہدایہ میں کہنا ہے کہ اسلام کے چہرے کو مخدوش کرنا، اور انحرافی تحریکوں کی تقویت دینا بھی حدیث جعلی ہونے کی دیگر علامات میں سے ایک ہے۔[9]

رجالیوں کی تعبیرات

کہا گیا ہے کہ جعلی احادیث کی طرف اشارہ کرنے کے لئے علمائے رجال نے ھذا حدیث موضوع (یہ موضوع حدیث ہے) موضوع الی النبی (پیغمبر کی طرف نسبت دی گئی حدیث)، ھذا حدیث کذب(یہ حدیث جھوٹی ہے) و مکذوب علی رسول اللهؐ(رسول اللہ پر جھوٹ کی نسبت دی گئی ہے) جیسی تعبیروں سے استفادہ کیا ہے۔ اسی طرح حدیث جعل کرنے والوں کیلئے، اَکْذبُ الناس(لوگوں میں سب سے جھوٹا)، کان الوضعُ صناعتَہ(جعل کرنا اس کا پیشہ تھا)،الکذبُ بضاعتُہ(اس کا سرمایہ جھوٹ ہے)، الیہ ینتھی الکذب (جھوٹ اس پر پہنچ کر ختم ہوتی ہے)، منبع الوضع، (جعل کا منبع)، کان یضعُ الحدیث(ہمیشہ حدیث گھاڑتا تھا)، دَجّال، متھم بالوضع(حدیث وضع کرنے پر متہم ہے)، معدن الکذب،(جھوٹ کا خزانہ)، جَبَل الکذب (جھوٹ کا پہاڑ)، رکن الکذب (جھوٹ کی بنیاد)، جَرّاب الکذب (جھوٹ کی تھیلی)، منبع الکذب (جھوٹ کا سرچشمہ) و وضّاع للحدیث من قِبل نفسه (اپنی طرف سے حدیث جعل کرنے والا) کی تعبیرات استعمال کیا ہے۔[10]

حدیث جعل کرنے کا مقصد

جعلی احادیث جعل کرنے کے علل و عوامل میں، ارباب اقتدار کے قرب کا حصول،[11] تخریب اسلام اور منحرف فرقوں کی مدد[12] کرنے کو ذکر کیا ہے۔ شہید ثانی نے غالیوں کو ایسی احادیث جعل کرنے والوں میں سے قرار دیا ہے۔[13]

جعلی احادیث کا نقل حرام ہونا

حدیث، جعلی ہونے کو جانتے ہوئے بیان کرنا حرام ہے[14] کیونکہ گناہ میں مدد کرنے، برائیاں پھیلانے اور مسلمانوں کو گمراہ کرنے کے زمرے میں آتا ہے؛[15]مگر یہ کہ ان احادیث کو جعلی احادیث کا مصداق بیان کرتے ہوئے ذکر کرے۔[16] ضعیف احادیث کی اقسام میں سب سے زیادہ بری قسم موضوع احادیث کی ہے،[17] اسی لئے ضعیف احادیث کی دوسری اقسام کے ساتھ فرق رکھتے ہوئے کہا گیا ہے کہ موضوع احادیث کا نقل کرنا ہی ممنوع ہے لیکن دوسری ضعیف روایات کو نقل کرنے میں کوئی حرج نہیں ہے۔[18]

آثار

بعض شیعہ اور سنی علماء نے جعلی احادیث کو جمع کیا ہے۔ اس بارے میں لکھی جانے والی شیعہ علما کی بعض تصانیف مندرجہ ذیل ہیں:

ابوہریرہ، بقلم سید عبدالحسین شرف الدین(1290-1377ھ) اس کتاب میں ابوہریرہ کی چالیس احادیث کو جعلی قرار دیا ہے۔[19]

احادیث ساختگی، بقلم سید علی حسینی میلانی۔ اس کتاب میں احادیث کو خلفا کی ترتیب کے مطابق ذکر کیا ہے۔[20]

اَلْاَخْبارُ الدَّخیلَة بقلم شیخ محمدتقی شوشتری (متوفی 1374 شمسی ہجری)۔ اس کتاب میں جعلی اور تحریف شدہ احادیث کے بعض موارد پر تحقیق ہوئی ہے۔

اہل سنت کی طرف سے جعلی احادیث کے بارے میں لکھی جانے والی کتابوں میں:

الموضوعات، تالیف ابن جوزی (متوفی 597ھ)، اللّئالی المصنوعہ، تالیف، جلال‌الدین سیوطی (متوفی 911ھ)، الموضوعات الکبیر، تالیف ملّا علی قاری ہروی و احادیث السنن الاربعة الموضوعة بحکم الالبانی تحقیق محمد شومان رملی قابل ذکر ہیں۔

---

## حوالہ جات

1. مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۲؛ شہید ثانی، شرح البدایة فی علم الدرایة، بی‌تا، ج۱، ص۱۵۵.
2. رفیعی، درسنامہ وضع حدیث، ۱۳۸۴ش، ص۱٦۷-۱۷۲.
3. بغدادی، تاریخ بغداد، دار الکتب العلمیہ، ج۱، ص۲۷۵.
4. ملاحظہ کریں: منقری، وقعة صفین، ۱۳۸۲ق، ص۲۱٦.
5. شوشتری، الأخبار الدخیلہ، ۱۴۱۵ق، ص۲۳۰-۲۳۱.
6. مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۳.
7. مدیرشانہ‌چی، علم‌الحدیث، ۱۳۸۱ش، ص۱۳۱-۱۳۲.
8. مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۳ تا ۲۹۵؛ شہید ثانی، شرح البدایة فی علم الدرایة، بی‌تا، ج۱، ص۱۵۵.
9. مامقانی، مقباس لہدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۹.
10. رفیعی، درسنامہ وضع حدیث، ۱۳۸۴ش، ص۲٦۴-۲٦۵.
11. شہید ثانی، الرعایہ فی علم الدرایہ، ص۱۵۴؛ مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹٦.
12. مامقانی، مقباس الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۹.
13. شہید ثانی، الرعایہ فی علم الدرایہ، ۱۴۰۸ق، ص۱٦۰.
14. مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۲-۲۹۳.
15. مامقانی، مقباس الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۳۰۱.
16. مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۲-۲۹۳؛ شہید ثانی، شرح البدایة فی علم الدرایة، بی‌تا، ج۱، ص۱۵۵.
17. مامقانی، مقباس‌الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۲۹۲.
18. شہید ثانی، شرح البدایة فی علم الدرایة، بی‌تا، ص۱۵۵؛ مامقانی، مقباس الهدایة، ۱۳۸۵ش، ج۱، ص۳۰۱.
19. ملاحظہ کریں: شرف‌الدین، ابوہریرہ، ۱۴۱۱ق، ص۱٦.
20. ملاحظہ کریں: میلانی، احادیث ساختگی، ۱۳۸۹ش، ص۱۵.